تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

اَلْعَطَایَا النَّبَوِیَّہ فِی الْفَتَاوَی الرَّضَوِیَّہ

فتاوٰی رضویہ

تصنیف لطیف:۔ اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

ALAHAZRAT NETWORK
اعلحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

دخل فصلّی مع الملٰئکة [1]

داخل ہوئے اور فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھی۔ (ت)

اور ابن مردویہ راوی عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لما اسری بی الی السماء اذن جبریل فظنت الملٰئکۃ انہ یصلّی بھم فقدّمنی فصلّیت بالملٰئکۃ [2]

ابن مردویہ نے ہشام بن عروہ سے انھوں نے اپنے باپ سے انھوں نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: شبِ معراج جب میں آسمان پر تشریف لے گیا جبریل نے اذان دی، ملائکہ سمجھے ہمیں جبریل نماز پڑھائیں گے۔ جبریل نے مجھے آگے کیا، میں نے ملائکہ کی امامت فرمائی۔

تذییل

ارشاد چہل و ہشتم [48]: اُسی میں منقول شفا شریف میں حدیث نقل فرمائی:

اطمع ان اکون اعظم الانبیاء اجرًا یوم القیامۃ [3]

میں طمع کرتا ہوں کہ قیامت میں میرا ثواب سب انبیاء سے زیادہ ہو۔

ارشاد چہل و نہم [49]: اُسی میں منقول،

اما ترضون ان یکون ابراھیم و عیسٰی کلمۃ اللہ فیکم یوم القیامۃ ثم قال انھما فی امتی یوم القیٰمۃ [4]

کیا تم راضی نہیں کہ ابراہیم خلیل اللہ و عیسٰی کلمۃ اللہ روزِ قیامت تم میں شمار کئے جائیں۔ پھر فرمایا، وہ دونوں روزِ قیامت میری امت ہوں گے۔

---

[1] الدرالمنثور عن ابی ہریرۃ تحت الآیۃ ۱۷/۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/۱۷۵
الخصائص الکبرٰی باب خصوصیتہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم بالاسراء مرکز اہلسنت گجرات ہند ۱/۱۷۲

[2] " " بحوالہ ابن مردویہ " " " " " " " " " ۱/۱۷۶
الدرالمنثور " " " تحت الآیۃ ۱۷/۱ داراحیاء التراث العربی بیروت ۵/۱۹۳

[3] الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰی فصل فی تفضیلہ صلی اللہ علیہ وسلم فی القیٰمۃ المطبعۃ الشرکۃ الصحافیۃ ۱/۱۶۹

[4] " " " " " " " " " " " " " " " " " " "